RAHBAR INTERNATIONAL
Post Date: January 11, 2026
PDF Created On: Tue, Mar 10 2026 09:56:44 pm

زرعی یونیورسٹی ملتان میں ٹریفک قوانین سے آگاہی سیشن

,Events - تقریبات,Snippets

ملتان.محمد نواز شریف زرعی یونیورسٹی میں ٹریفک پولیس کی جانب سے ٹریفک قوانین اور روڈ حادثات سے بچاؤ کے حوالے سے آگاہی پروگرام کا انعقاد کیا گیا.آخر میں ٹریفک قوانین آگاہی کے حوالے سے ریلی نکالی گئی -

rki.news

ڈائریکٹوریٹ آف پبلک ریلیشن محمد نواز شریف زرعی یونیورسٹی ملتان
پریس ریلیز 10جنوری 2026
ملتان۔محمد نواز شریف زرعی یونیورسٹی میں ٹریفک پولیس کی جانب سے ٹریفک قوانین اور روڈ حادثات سے بچاؤ کے حوالے سے آگاہی سیشن کا انعقاد کیا گیا۔آگاہی سیشن میں ڈرائیوروں اور کنڈکٹرز نے شرکت کی،جنہیں ٹریفک اشاروں کی پابندی، مقررہ رفتار، ہیلمٹ اور سیٹ بیلٹ کے استعمال سمیت محفوظ ڈرائیونگ کے اصولوں سے آگاہ کیا گیا۔ٹریفک وارڈن سید حیدر کا کہنا تھا کہ ٹریفک قوانین پر عمل درآمد سے نہ صرف حادثات میں کمی لائی جا سکتی ہے، بلکہ قیمتی انسانی جانوں کو بھی محفوظ بنایا جا سکتا ہے۔شرکاء نے اس اقدام کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے ٹریفک قوانین پر عمل کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔آخر میں ٹریفک قوانین آگاہی کے حوالے سے ریلی نکالی گئی۔
ریاض احمد ہراج
ترجمان زرعی یونیورسٹی ملتان

Post Date: January 11, 2026 PDF Created On: Tue, Mar 10 2026 09:56:44 pm

---

Read This Post On RKI Website